فرش پر پیشاب گرا ہو، تو کس طرح پاک ہوگا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

فرش پر پیشاب گرا ہو، تو ایک گیلے پوچے سے خشک کر دینا کافی ہوگا یا تین پوچے ضروری ہیں؟ اور کیا پوچے کو اور پیشاب کی جگہ کو ہر بار خشک کرنا ضروری ہوگا؟

جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر زمین پر پیشاب گرا ہو اور دھوپ یا ہوا لگنے سے سوکھ جائے تو وہ جگہ پاک ہو جائے گی، اور اگر پیشاب موجود ہو اور اس جگہ پر اتنا پانی بہا کر دھو دیا جائے کہ ناپاکی کا اثر بالکل زائل ہو جائے تو بھی جگہ پاک ہو جائے گی۔ البتہ اگر اس پیشاب والی جگہ پر گیلا کپڑا رکھ دیا یا کسی خشک کپڑے سے پونچھ دیا تو وہ کپڑا ناپاک ہو جائے گا اور اس طرح درست طریقے سے صفائی بھی نہ ہو پائے گی۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2236

تاریخ اجراء: 15 شوال المکرم 1446ھ/14 اپریل 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net